NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE ISLAMABAD CAPITAL TERRITORY FORENSIC SCIENCE AGENCY BILL, 2022

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honour to present this report on the Bill to establish the Forensic Science Agency in the Islamabad Capital Territory for forensic examination of documents, material, equipment, impression or other objects. [The Islamabad Capital Territory Forensic Science Agency Bill, 2022] (Government Bill), referred to the Committee on 23-05- 2022.

2. The Committee comprises the following:

1.	**Mr. Ahmad Hussain Deharr**	**Chairman**
2.	Malik Sohail Khan	Member
3.	Rana Shamim Ahmed Khan	Member
4.	Syeda Nosheen Iftikhar	Member
5.	Dr. Zulifqar Ali Bhatti	Member
6.	Mr. Nadeem Abbas	Member
7.	Mr. Sajid Mehdi	Member
8.	Mir Munawar Ali Talpur	Member
9.	Nawab Muhammad Yousaf Talpur	Member
10.	Syed Agha Rafiullah	Member
11.	Mr. Asmatullah	Member
12.	Mr. Usama Qadri	Member
13.	Mr. Muhammad Akhtar Mengal	Member
14.	Mr. Nawab Sher	Member
15.	Mehar Ghulam Muhammad Lali	Member
16.	Mr. Muhammad Asim Nazir	Member
17.	Sardar Talib Hassan Nakai	Member
18.	Makhdoom Syed Sami-ul-Hassan Gillani	Member
19.	Ms. Asiya Azeem	Member
20.	Rana Sana Ullah Khan *Minister for Interior*	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meeting held on 17-11-2022 and recommended that the Bill may be passed by the National Assembly.

sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 3rd Feb, 2023

sd/-
(AHMED HUSSAIN DEHARR)
Chairman

Annex-A

AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

A

BILL

to establish the Forensic Science Agency in the Islamabad Capital Territory for forensic examination of documents, materials, equipment, impressions or other objects.

WHEREAS it is expedient to establish the Islamabad Forensic Science Agency in the Islamabad Capital Territory for the examination of forensic material and rendering of expert opinion in respect thereof before any court, tribunal or other official authority and for matters related thereto;

AND WHEREAS the impartial examination of forensic material and rendering of expert opinion by an independent agency is essential for facilitating criminal investigation and authenticating evidence produced in courts of law;

It is hereby enacted as follows:–

1. **Short title, extent and commencement.** – (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Forensic Science Agency Act, 2022.

(2) It shall extend to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** – (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "Agency" means the Islamabad Capital Territory Forensic Science Agency, established and constituted under section 3;

(b) "authority" includes a police officer, any officer or official, working for any law enforcement agency, a public servant or any other Government official, authorized to hold an investigation or inquiry under any law for the time being in force;

(c) "Code" means the Criminal Procedure Code, 1898

(Act V of 1898);

(d) "Director General" means the Director General of the Agency, appointedunder section 7 of this Act;

(e) "expert" includes a qualified local or foreign expert, working in a forensic science facility and having established qualification in any field of forensics;

(f) "forensic material" means a document, material equipment, impression or any other object connected with the commission of an offence, a civil cause or any other proceedings;

(g) "Government" means the Federal Government;

(h) "offence" means an act or omission made punishable under any law for the time being in force;

(i) "police officer" means a police officer, appointed in the Islamabad Capital Territory under the Police Act, 1861 (V of 1861), or any other person who has been conferred with the powers of a police officer under any other law for the time being in force;

(j) "prescribed" means prescribed by rules and regulations;

(k) "regulations" mean regulations made under this Act; and

(l) "rules" mean rules made under this Act.

(2) Words or expressions, used but not defined under this Act, shall have the same meaning as are assigned thereto in the Code.

3. **Establishment of the Agency**.– (1) The Government shall, by notification in the official Gazette, establish an Agency to be known as the Islamabad Capital Territory Forensic Science Agency.

(2) The Agency shall consist of the Director General and such number of experts and officials as may be determined by Government.

(3) The Government may, by notification in the official Gazette, absorb in the Agency a body, bureau, laboratory or any other facility of Government connected with forensic examination and rendering expert opinion about forensic material.

(4) An officer or an employee of the body, bureau, laboratory or other facility may opt for employment for a relevant position in the

Agency.

(5) The officer or the employee, who opts to become employee of the Agency and is otherwise qualified, shall be absorbed in the Agency in the manner prescribed.

4. Functions and responsibilities of the Agency.– (1) The Agency shall –

(a) establish and operate a forensic science laboratory having all the requisite scientific equipment for examination of forensic material;

(b) undertake examination of forensic material;

(c) render expert opinion with regard to examination of forensic material undertaken by it;

(d) procure, operate, maintain scientific instruments for examination of forensic material;

(e) propose advancement in forensic techniques and recommend use of suitable scientific equipment for examination of forensic material;

(f) seek clarification from the person involved in collection or handling off orensic material in the prescribed manner;

(g) specify the procedure for the collection, preservation and handling of forensic material;

(h) subject to the direction of the Government, collect forensic material that requires special expertise or scientific methods for collection and preservation;

(i) maintain in the prescribed manner record for examination of forensic material, including record relating to the identity of a person connected with or accused of an offence;

(j) conduct trainings relating to-

(i) forensic examination;

(ii) rendering expert opinion; and

(iii) collection, preservation and handling of forensic material;

(k) promote general awareness on matters relating to forensics; and

(l) perform any other function connected with or ancillary

to the above functions.

5. **Superintendence of the Agency.**– The Government shall exercise superintendence over the Agency to achieve the objectives of this Act.

6. **Administration of the Agency.**– The administration of the Agency shall vest in the Director General.

7. **Appointment of the Director General.** – (1) The Government shall appoint a person as the Director General who is qualified and experienced expert in one or more disciplines of forensic science in accordance with the prescribed standards.

(2) The Director General shall hold office for a term of five years.

(3) The Government shall determine the terms and conditions of service of the Director General which shall not be varied during his term of office.

(4) The Government may, after notice and administrative inquiry in the prescribed manner, remove the Director General during the tenure of his office on the ground of inefficiency, misconduct, corruption or inability to perform officially assigned functions due to medical reasons.

(5) The Director General may tender his resignation to the Government and shall cease to hold office upon acceptance of his resignation.

(6) The vacancy occurred due to removal of, or resignation by, the Director General, as the case may be, shall be filled in a manner as the Government may deem appropriate.

8. **Administrative and financial powers of the Director General.** – (1) The Director General shall exercise such administrative and financial powers as may be prescribed.

9. **Experts.** – (1) The Director General shall appoint an expert in the Agency in the manner prescribed by regulations.

(2) No person shall be appointed as an expert unless he is qualified to conduct examination of a forensic material.

(3) A person appointed in the Agency as an expert shall be deemed as an expert appointed under section 510 of the Code and a person specially skilled in examination of a forensic material under Article 59 of the Qanun-e-Shahadat, 1984 (P.O. No. 10 of 1984).

(4) The Agency shall not entrust examination of a forensic material to a person who has been convicted of an offence related to

giving false evidence under any law for the time being in force.

10. **Expert opinion.** – (1) A Court, tribunal or authority may send to the Agency, any forensic material related to investigation or proceedings before it, for examination and expert opinion.

(2) The Agency shall authenticate and submit expert opinion to a Court, tribunal or authority in the manner prescribed.

(3) An expert opinion shall carry the name and designation of the expert who undertook the examination.

11. **Clarification in case of certain opinion.** – (1) If an expert opinion is not clear, the Court, tribunal or authority may refer it to the Agency for clarification on a specific question.

(2) The Agency shall, on receipt of such reference, send clarification on the question to the Court, tribunal or authority.

(3) If the condition of the forensic material or any other fact does not allow submission of a clear answer to the question, the Agency shall state its inability to answer the question citing reasonable grounds.

12. **Re-examination of forensic material.** – (1) A person affected by the opinion of an expert may, for a sufficient cause, submit an application for re-examination before the Court or tribunal, before which the opinion is rendered.

(2) If the Court or tribunal is satisfied that there are sufficient grounds for re-consideration of the opinion, it may, for reasons to be recorded in writing, direct the Agency to re-examine the forensic material.

(3) The Director General shall, on receipt of the direction, constitute a panel of three or more experts to re-examine the forensic material or refer the same to a forensic examination facility for examination and opinion. Such panel shall not include the expert who had previously examined the forensic material or rendered the expert opinion.

(4) The Director General, if deems appropriate, may refer the matter to another forensic examination facility for examination and opinion.

(5) The Director General shall submit the finding of the panel of experts or the forensic facility and his opinion to the Court or tribunal as

the case may be.

13. Offence. – (1) If an expert or official of the Agency knowingly or negligently renders false, incorrect or misleading opinion before a Court, tribunal or authority, he in addition to any punishment for offence relating to false evidence under any other law for the time being in force, shall also be punished with imprisonment which may extend to seven years or with fine which may extend to one million Rupees or with both.

(2) An offence under this Act shall be triable by a Court of Sessions.

(3) The Court shall not take cognizance of an offence under this Act unless the Director General or any official, nominated by the Government, makes a complaint in writing in the prescribed manner.

14. Appeal. – (1) Any person aggrieved by an order or sentence passed under section 13 may, within thirty days, prefer an appeal to the High Court.

15. Annual performance report.– The Agency shall submit its annual performance report to the Government before the 31st day of July in a year.

16. Bar to action. – (1) No action taken under this Act shall be called in question in any court or otherwise except in the manner provided in this Act.

(2) No civil or criminal proceedings shall be instituted against any person for anything done in good faith or purported to have been done under this Act.

17. Act to be read in conjunction with other laws.– The provisions of this Act shall be read in conjunction with and not in derogation of any other law for the time being in force.

18. Power to make rules.– The Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

19. Power to make regulations.– The Agency may, with the approval of the Government and by notification in the official Gazette, make regulations for carrying out the purposes of this Act.

STATEMENT OF OBJECT AND REASONS

In the Islamabad Capital Territory there is no dedicated Forensic Science Laboratory for examination of forensic material and to render expert opinion before the courts and tribunals during investigation and trials. Presently, the investigation agencies in the ICT refer their cases to Punjab and KPK for forensic examination. The purpose of the Bill is to establish a Forensic Science Agency in the Islamabad Capital Territory for the examination of forensic material and rendering of expert opinion in respect thereof before any Court, tribunal or other official authority.

Senator Azam Nazeer Tarar
Federal Minister for Law and Justice

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی بل،۲۰۲۲ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں،چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ دستاویزات، مواد، نشانات اور دیگر اشیاء کے فرانزک سائنس معائنے کی بابت ۲۳رمئی،۲۰۲۲ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی کے قیام کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی بل، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

۱۔	جناب احمد حسین ڈیہڑ	چیئرمین
۲۔	ملک سہیل خان	رکن
۳۔	رانا شمیم احمد خان	رکن
۴۔	سیدہ نوشین افتخار	رکن
۵۔	ڈاکٹر ذوالفقار علی بھٹی	رکن
۶۔	جناب ندیم عباس	رکن
۷۔	جناب ساجد مہدی	رکن
۸۔	میر منور علی تالپور	رکن
۹۔	نواب محمد یوسف تالپور	رکن
۱۰۔	سید آغا رفیع اللہ	رکن
۱۱۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۱۲۔	جناب اسامہ قادری	رکن
۱۳۔	جناب محمد اختر مینگل	رکن
۱۴۔	جناب نواب شیر	رکن
۱۵۔	مہر غلام محمد لالی	رکن
۱۶۔	جناب محمد عاصم نذیر	رکن
۱۷۔	سردار طالب حسین نکئی	رکن
۱۸۔	مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی	رکن
۱۹۔	محترمہ آسیہ عظیم	رکن
۲۰۔	رانا ثناء اللہ خان وزیر برائے داخلہ	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۷ارنومبر،۲۰۲۲ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(احمد حسین ڈیہڑ)
چیئرمین

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد،۳رفروری،۲۰۲۳ء

مسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

دستاویزات، مواد، آلات، نشانات یا دیگر اشیاء کا فرانزک معائنہ کرنے کے لیے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں فرانزک سائنس ایجنسی کے قیام کا

بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے اور کسی بھی عدالت، ٹربیونل یا دیگر سرکاری اتھارٹی کے رُوبرُو اس کی نسبت ماہرانہ رائے پیش کرنے اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی قائم کی جائے؛

اور چونکہ فرانزک مواد کا غیر جانبدارانہ معائنہ اور کسی خودمختار ایجنسی کی جانب سے ماہرانہ رائے پیش کرنا فوجداری تحقیقات کو سہولت دینے کے لیے اور قانون کی عدالتوں میں پیش کردہ شہادت کی تصدیق کرنے کے لیے ضروری ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** (۱) اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی امر موضوع یا سیاق و سباق کے منافی نہ ہو،۔

(الف) ''ایجنسی'' سے دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ اور تشکیل کردہ، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی مراد ہے؛

(ب) ''اتھارٹی'' میں پولیس افسر، کوئی بھی افسر یا عہدیدار، جو کسی قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کے لیے کام کر رہا ہو، کوئی سرکاری ملازم یا کوئی بھی دیگر سرکاری عہدیدار، جسے فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت کسی تفتیش یا تحقیق کرنے کے لیے مجاز کیا گیا ہو، شامل ہے؛

(ج) ''مجموعہ'' سے مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء) مراد ہے؛

(د) ''ڈائریکٹر جنرل'' سے اس ایکٹ کی دفعہ ۷ کے تحت تقرر کردہ، ایجنسی کا ڈائریکٹر جنرل مراد ہے؛

(ہ) ''ماہر'' میں سند یافتہ مقامی یا غیر ملکی ماہر شامل ہے، جو فرانزک سائنس کی سہولت دینے میں کام کر رہا ہو اور فرانزکس کے شعبے میں مسلمہ قابلیت رکھتا ہو؛

(و) ''فرانزک مواد'' سے کوئی دستاویز، مواد، آلہ، نشان یا کوئی بھی دیگر شے مراد ہے جو کسی جرم کے ارتکاب، دیوانی مقدمہ یا کسی بھی دیگر کارروائیوں کے ساتھ منسلک ہو؛

(ز) ''حکومت'' سے وفاقی حکومت مراد ہے؛

(ح) ''جرم'' سے فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت قابل سزا کوئی فعل یا کوتاہی مراد ہے؛

(ط) ''پولیس افسر'' سے پولیس ایکٹ، ۱۸۶۱ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۶۱ء) کے تحت علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں تقرر کردہ پولیس افسر یا کوئی بھی دیگر شخص جسے فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے تحت پولیس افسر کے اختیارات عطا کیے گئے ہوں، مراد ہے؛

(ی) ''مقررہ'' سے قواعد وضوابط کی رو سے مقرر کردہ مراد ہے؛

(ک) ''ضوابط'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط مراد ہیں؛ اور

(ل) ''قواعد'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں۔

الفاظ اور عبارات، جو کہ استعمال کی گئی ہوں لیکن اس ایکٹ کے تحت واضح نہ کی گئی ہوں کا وہی مفہوم ہوگا جو کہ مجموعہ میں اس سے متعلق تفویض کیے گئے ہیں۔

۳۔ **ایجنسی کا قیام:۔** (۱) حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد فرانزک سائنس ایجنسی کے نام سے ایک ایجنسی قائم کرے گی۔

(۲) ایجنسی ڈائریکٹر جنرل اور ماہرین اور عہدیداروں کی اتنی تعداد پر مشتمل ہوگی جیسا کہ حکومت متعین کرے۔

(۳) حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، ایجنسی میں کسی ہیئت، بیورو، لیبارٹری یا حکومت کی کسی بھی دیگر سہولت مرکز کو مدغم کر سکے گی جو فرانزک معائنہ اور فرانزک مواد سے متعلق ماہرانہ رائے پیش کرنے کے ساتھ منسلک ہو۔

(۴) ہیئت، بیورو، لیبارٹری یا دیگر سہولت مرکز کا کوئی افسر یا ملازم ایجنسی میں متعلقہ پوزیشن کے لیے ملازمت کا انتخاب کر سکے گا۔

(۵) افسر یا ملازم، جو ایجنسی کا ملازم بننے کا انتخاب کرتا ہے اور بصورت دیگر سند یافتہ ہو تو، ایجنسی میں مقررہ طریقہ کار میں مدغم کیا جائے گا۔

۴۔ **ایجنسی کے کارہائے منصبی اور ذمہ داریاں:۔** (ا) ایجنسی۔

(الف) فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے تمام مطلوبہ سائنسی آلات رکھنے والی فرانزک سائنس لیبارٹری قائم کرے گی اور عمل میں لائے گی؛

(ب) فرانزک مواد کے معائنہ کا ذمہ لے گی؛

(ج) اس کی جانب سے ذمہ لیے گئے فرانزک مواد کے معائنہ سے متعلق ماہرانہ رائے پیش کرے گی؛

(د) فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے سائنسی آلات حاصل کرے گی، عمل میں لائے گی، برقرار رکھے گی؛

(ہ) فرانزک تکنیکس میں ترقی کی تجویز دے گی اور فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے موزوں سائنسی آلات کے استعمال کی سفارش کرے گی؛

(و) مقررہ طریقہ کار میں فرانزک مواد کو اکھٹا کرنے یا قابو میں رکھنے میں شامل شخص سے وضاحت طلب کرے گی؛

(ز) فرانزک مواد اکھٹا کرنے، محفوظ اور قابو میں رکھنے کے لیے ضابطے کی صراحت کرے گی؛

(ح) حکومت کی ہدایت کے تابع، فرانزک مواد اکٹھا کرے گی جسے اکٹھا کرنے اور محفوظ رکھنے کے لیے خصوصی مہارت یا سائنسی طریقہ ہائے کار کی ضرورت ہوتی ہے؛

(ط) فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے ریکارڈ مقررہ طریقہ کار میں برقرار رکھے گی، اس میں کسی جرم کے ملزم یا اس کے ساتھ منسلک کسی شخص کی شناخت سے متعلق ریکارڈ شامل ہے؛

(ی) حسب ذیل سے متعلق تربیتیں کروائے گی۔

(اول) فرانزک معائنہ؛

(دوم) ماہرانہ رائے پیش کرنے؛ اور

(سوم) فرانزک مواد اکٹھا، محفوظ اور قابو میں رکھنے؛

(ک) فرانزکس سے متعلق معاملات پر عمومی آگاہی کو فروغ دے گی؛ اور

(ل) مذکورہ بالا کارہائے منصبی سے منسلک یا ضمنی کوئی بھی دیگر کار منصبی انجام دے گی۔

۵۔ **ایجنسی کی نگرانی:۔** حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے ایجنسی پر نگرانی کا استعمال کرے گی۔

۶۔ **ایجنسی کا انتظام:۔** ایجنسی کا انتظام ڈائریکٹر جنرل کے پاس ہوگا۔

۷۔ **ڈائریکٹر جنرل کی تقرری:۔** (۱) حکومت ڈائریکٹر جنرل کے طور پر ایک شخص کا تقرر کرے گی جو مقررہ معیارات کی مطابقت میں فرانزک سائنس کے ایک یا زائد شعبوں میں سند یافتہ اور تجربہ کار ماہر ہوگا۔

(۲) ڈائریکٹر جنرل پانچ سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوگا۔

(۳) حکومت ڈائریکٹر جنرل کی ملازمت کی قیود و شرائط کا تعین کرے گی جو اس کے عہدے کی مدت کے دوران تبدیل نہیں کیے جائیں گے۔

(۴) حکومت، ڈائریکٹر جنرل کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق نوٹس دینے اور انتظامی تحقیق کرنے کے بعد، نااہلیت، غلط روی، بدعنوانی کی وجہ سے یا طبی وجوہات کی بناء پر سرکاری طور پر تفویض شدہ کارہائے منصبی انجام دینے کے قابل نہ ہونے پر اس کی عہدے کی مدت کے دوران برطرف کر سکے گی۔

(۵) ڈائریکٹر جنرل حکومت کو اپنا استعفیٰ پیش کر سکے گا اور استعفیٰ کی قبولیت پر عہدہ چھوڑ دے گا۔

(۶) ڈائریکٹر جنرل کی برطرفی، یا اس کے استعفیٰ کی وجہ سے، جیسی بھی صورت ہو، پیدا ہونے والی اسامی، ایسے طریقہ کار سے پُر کی جائے گی جیسا کہ حکومت مناسب سمجھے۔

۸۔ **ڈائریکٹر جنرل کے انتظامی اور مالیاتی اختیارات:۔** (۱) ڈائریکٹر جنرل ایسے انتظامی اور مالیاتی اختیارات استعمال کرے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

۹۔ **ماہرین:۔** (۱) ڈائریکٹر جنرل ایجنسی میں ضوابط کی رُو سے مقررہ طریقہ کار کے مطابق کسی ماہر کا تقرر کرے گا۔

(۲) کسی شخص کا ماہر کے طور پر تقرر نہیں کیا جائے گا تاوقتیکہ وہ فرانزک مواد کا معائنہ کرنے میں سند یافتہ نہ ہو۔

(۳) ایجنسی میں ماہر کے طور پر تقرر کردہ شخص مجموعہ کی دفعہ ۵۱۰ کے تحت تقرر کردہ ماہر سمجھا جائے گا اور شخص قانون شہادت، ۱۹۸۴ء (صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۸۴ء) کے آرٹیکل ۵۹ کے تحت فرانزک مواد کا معائنہ کرنے میں خصوصی طور پر ماہر ہوگا۔

(۴) ایجنسی کسی شخص کو فرانزک مواد کا معائنہ سپرد نہیں کرے گی جو فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت جھوٹی شہادت دینے سے متعلق کسی جرم کا سزایاب رہ چکا ہو۔

۱۰۔ **ماہرانہ رائے:۔** (۱) عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی ایجنسی کو معائنہ اور ماہرانہ رائے دینے کے لیے، اس کے رُوبرُو تحقیقات یا کارروائیوں سے متعلق کوئی بھی فرانزک مواد بھیج سکے گی۔

(۲) ایجنسی تحقیق کرے گی اور عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی کو مقررہ طریقہ کار میں ماہرانہ رائے پیش کرے گی۔

(۳) ماہرانہ رائے میں ماہر کا نام اور عہدہ ہوگا جس نے معائنہ کیا ہو۔

۱۱۔ **مخصوص رائے کی صورت میں وضاحت:۔** (۱) اگر کسی ماہر کی رائے واضح نہ ہو تو، عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی اسے مخصوص سوال پر وضاحت دینے کے لیے، ایجنسی کے حوالے کر سکے گی۔

(۲) ایجنسی، مذکورہ حوالہ کی وصولی پر، عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی کو سوال پر وضاحت دے گی۔

(۳) اگر فرانزک مواد کی حالت یا کوئی بھی دیگر امر واقعہ سوال کا واضح جواب پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتا تو، ایجنسی معقول وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے سوال کا جواب دینے میں اپنی مجبوری بیان کرے گی۔

۱۲۔ **فرانزک مواد کا دوبارہ معائنہ:۔** (۱) کسی ماہر کی رائے سے متاثرہ شخص، معقول وجہ کی بناء پر، عدالت یا ٹربیونل کے رُوبرُو دوبارہ معائنہ کرنے کے لیے جس کے سامنے رائے پیش کی گئی ہو درخواست دے سکے گا۔

(۲) اگر عدالت یا ٹربیونل کو اطمینان ہو کہ رائے پر دوبارہ غور کرنے کے لیے معقول وجوہات ہیں تو، وہ، تحریری وجوہات قلم بند کرتے ہوئے، ایجنسی کو فرانزک مواد کا دوبارہ معائنہ کرنے کی ہدایت دے سکے گی۔

(۳) ڈائریکٹر جنرل، ہدایت کی وصولی پر، فرانزک مواد کا دوبارہ معائنہ کرنے کے لیے تین یا زائد ماہرین کا ایک پینل تشکیل دے گا یا اسے معائنہ کرنے اور رائے دینے کے لیے فرانزک معائنہ سہولت کے حوالے کرے۔ مذکورہ پینل میں ماہر شامل نہیں ہوگا جس نے فرانزک مواد کا پہلے سے معائنہ کیا ہو یا ماہرانہ رائے پیش کی ہو۔

(۴) ڈائریکٹر جنرل، اگر مناسب سمجھے تو، کسی بھی دوسرے فرانزک معائنہ سہولت کو معاملے پر معائنہ کرنے اور رائے دینے کے لیے، حوالے کر سکے گا۔

(۵) ڈائریکٹر جنرل عدالت یا ٹربیونل جیسی بھی صورت ہو میں ماہرین کے پینل یا فرانزک سہولت کی تحقیق کا نتیجہ اور اپنی رائے پیش کرے گا۔

۱۳۔ **جرم:۔** (۱) اگر ایجنسی کا کوئی ماہر یا عہدیدار جان بوجھ کر یا غفلت سے عدالت، ٹربیونل یا اتھارٹی کے رُوبرُو جھوٹی، غلط یا گمراہ کن رائے پیش کرتا ہو تو، وہ فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے تحت جھوٹی شہادت سے متعلق جرم کی بابت کسی بھی سزا کا اضافہ کرتے ہوئے، سزائے قید کا جو سات سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانے کے ساتھ جو ایک

ملین روپے تک ہوسکتا ہے یا دونوں کا بھی مستوجب ہوگا۔

(۲) اس ایکٹ کے تحت کوئی جرم سیشن عدالت کی جانب سے قابل سماعت ہوگا۔

(۳) عدالت اس ایکٹ کے تحت کسی جرم کی سماعت نہیں کرے گی تاوقتیکہ ڈائریکٹر جنرل یا کوئی عہدیدار، جو حکومت کی جانب سے نامزد کیا گیا ہو، مقررہ طریقہ کار میں تحریری شکایت نہ کرتا ہو۔

۱۴۔ **اپیل:۔** (۱) دفعہ ۱۳ کے تحت صادر کردہ کسی حکم یا سزا کے ذریعے سے متاثرہ کوئی بھی شخص، تیس دنوں کے اندر، عدالت عالیہ میں اپیل دائر کر سکے گا۔

۱۵۔ **سالانہ کارکردگی رپورٹ:۔** ایجنسی حکومت کو سال میں ۳۱ جولائی سے قبل اپنی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرے گی۔

۱۶۔ **کارروائی پر پابندی:۔** (۱) اس ایکٹ کے تحت کی گئی کارروائی پر ماسوائے اس ایکٹ میں فراہم کردہ طریقہ کار میں کسی بھی عدالت یا بصورت دیگر میں اعتراض نہیں کیا جائے گا۔

(۲) اس ایکٹ کے تحت نیک نیتی سے یا اس ارادے سے کیے گئے کسی امر کی بابت کسی بھی شخص کے خلاف دیوانی یا فوجداری کارروائی نہیں کی جائے گی۔

۱۷۔ **ایکٹ دیگر قوانین کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا:۔** اس ایکٹ کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے ساتھ ملا کر پڑھے جائیں گے اور اس میں کمی کا باعث نہیں ہوں گے۔

۱۸۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، اس ایکٹ کے اغراض کی بجا آوری کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

۱۹۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** ایجنسی، حکومت کی منظوری سے اور سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، اس ایکٹ کے اغراض کی بجا آوری کے لیے ضوابط وضع کر سکے گی۔

بیان اغراض ووجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں فرانزک مواد کا معائنہ کرنے کے لیے اور تحقیقات اور سماعت کے دوران عدالتوں اور ٹربیونلز کے رُوبرُو ماہرانہ رائے پیش کرنے کے لیے مختص کردہ فرانزک سائنس لیبارٹری نہیں ہے۔

فی الحال، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد (ICT) میں تحقیقاتی ایجنسیاں اپنے معاملات پنجاب اور کے پی کے کو فرانزک معائنہ کرنے کے لیے بھجواتی ہیں۔ بل کا مقصد یہ ہے کہ فرانزک مواد کا معائنہ کرنے اور کسی بھی عدالت، ٹربیونل یا دیگر سرکاری اتھارٹی کے روبرو اس سے متعلق ماہرانہ رائے پیش کرنے کے لیے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں ایک فرانزک سائنس ایجنسی قائم کی جائے۔

اعظم نذیر تارڑ

وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف